751-زنا، جوااور خنزیر کی حرمت

سوال

دین اسلام میں زنا، جوااور خنزیر کا گوشت کھانا کس لیے حرام قرار دیا گیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب انسان فوت ہوجائے تواس دنیا سے غائب ہوکردوسرے جہان میں منتقل ہوجاتا ہے، اسکی روح اپنے گھروالوں کے پاس واپس نہیں آتی اور نہ ہی وہ اسکے متعلق کچھ محسوس کرتے ہیں، اور جو یہ کہا گیا ہے کہ روح چالیس دن تک واپس آتی ہے یہ سب ایسی خرافات ہیں جن کی کوئی اصل نہیں ملتی، اوراسی طرح میت بھی انکے حالات کو نہیں جانتی کیونکہ وہ ان سے غائب ہے یا تووہ نعمتوں اوریا پھر عذاب میں ہوتی ہے، لیکن بعض اوقات ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالی بعض فوت شدگان کوانکے اہل عیال کے حالات سے آگاہ کردے لیکن اسکی تحدید نہیں ہوتی اورایسے آثارملتے ہیں کہ فوت شدگان اپنے گھروالوں کے کچھ حالات جانتے ہیں، لیکن ان پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا،

اوررہی خوابوں کی بات توان میں سے کچھ توسچے ہوتے اورکچھ شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی، اور بعض اوقات زندہ فوت شدگان کے کچھ حالات کواچھے خوابوں کے ذریعہ جان لیتا ہے، لیکن اس کے لئے سچی رائے اور سچی خواب اوراس خواب کی تعبیر کرنے والے کی قدرت پر اعتماد کرنا چاہئے، لیکن اس کے باوجوداس کے مضون پر اعتماد کرنا صحیح نہیں کہ واقعی ایسا ہی ہوگا جب تک کہ اس پر کوئی دلیل نہ مل جائے، توبعض اوقات زندہ اپنے کسی فوت شدہ قریبی کودیکھتا ہے تووہ اسے کچھ وصیت کرتا اور بعض کاموں کا ذکر کرتا ہے اگروہ واقع کے مطابق ہوں تواس کے ذریعے سے اس خواب کی سچائی کا پتہ چلایا جاسکتا ہے، اور ہوسکتا ہے یہ ہوا بھی ہو توان میں سے کچھ توواقع کے مطابق ہوں اور کچھ ایسی بھی ہوں جنکی صحت کا علم نہ ہوسکے اوران میں ایسی بھی ہوسکتی ہیں جس کے جھوٹ کا پتہ چل جاتا ہے، تو یہ تین قسم کی ہیں، توفوت شدگان کے حالات کے متعلق قصوں اورروایتوں اور خبروں پر عمل کرتے وقت ان باتوں کی رعایت رکھنا ضروری ہے۔ .